ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (798)

17-12-2022

## بہاول پور () ڈی ایس پی کوثر عباس شہید پولیس ڈرائیونگ سکول احمد پور شرقیہ کے مارننگ وایوننگ کے موٹر سائیکل/ موٹر کار اور جیپ کے بیچ نمبر 09 کی ٹریننگ مکمل۔اسٹوڈنٹس میں اچیومنٹ سرٹیفکیٹ تقسیم اور 10 ویں بیچ کی ٹریننگ جاری ہے۔ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی و کم علمی اور ناتجربہ کار ڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہوجاتی ہیں،مہلک حادثات سے بچنے کے لیے ڈرائیونگ اسکول میں بہترین تربیت اور شہریوں کو ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جارہی ہے،ڈی پی او عبادت نثار۔

تفصیلات کے مطابق پنجاب کے دیگر اضلاع کی طرح بہاول پور میں بھی شہریوں کو بہترین تربیت دینے کے لیے ڈی ایس پی کوثر عباس گیلانی شہید پولیس ڈرائیونگ سکول احمد پور شرقیہ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے، جہاں پر صبح وشام دو شفٹوں میں اسٹوڈنٹس کو موٹر سائیکل/موٹر کار کی بہترین تربیت دی جارہی ہے، اس سلسلہ میں دو ہفتہ مشتمل ٹریننگ کے موٹر سائیکل/موٹر کار اور جیپ کے بیچ نمبر 09 کی ٹریننگ مکمل کرنے والے 17 اسٹوڈنٹس کے لیے تقریب کا اہتمام کرتے ہوئے اچیومنٹ سرٹیفکیٹس دیئے گئے۔اور بیچ نمبر 10 کی ٹریننگ جاری ہے۔مجموعی طور پر اب تک 115 اسٹوڈنٹس نے ڈرائیونگ ٹریننگ مکمل کر چکے ہیں۔ٹریننگ کے دوران پہلے مرحلے میں سٹوڈنٹس کو پہلے اسکول کے ٹریک، دوسرے مرحلے میں مصروف روڑز پر پیشہ ور انسٹرکٹرز کے ہمراہ ٹریننگ کروائی جاتی ہے تاکہ سٹوڈنٹس میں گاڑی چلاتے وقت اعتماد میں اضافہ ہو اور کورس کے آخر میں سٹوڈنٹس کا تحریری اور عملی ٹیسٹ لیا جاتا ہے۔اسکول کے اسٹاف نے ڈرائیونگ کی تربیت حاصل کرنے والوں کو دن اور شام کے اوقات میں مرحلہ وار مکمل ٹریننگ کے ساتھ ساتھ گاڑیوں کی مینٹیننس ، پریکٹیکل ٹریننگ جس میں ٹریفک سائن بورڈ، روڈ سیفٹی اور قانون کی پاسداری واچھے ڈرائیور کی خصوصیات بھی سکھائیں، اچھی اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افراد کو اچیومنٹ سرٹیفکیٹ جاری کیے جاتے ہیں۔دوران ٹریننگ نمایاں کارکردگی کے حامل اسٹوڈنٹس کو انچارج ڈرائیونگ ٹریننگ اسکول نے سرٹیفکیٹس تقسیم کیے،ڈی پی او عبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ پولیس ڈرائیونگ اسکول میں جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کیا جا رہا ہے،آن لائن ٹیسٹ، سفارش اور مڈل مین کے بغیر صرف قومی شناختی کارڈ کے ذریعے پولیس خدمت مراکز پر لرنر اور لائسنس کے لیے اپلائی/ جاری کیے جاتے ہیں،ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی و کم علمی اور ناتجربہ کار ڈرائیورز کی وجہ سے ٹریفک حادثات میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہوجاتی ہیں،مہلک حادثات سے بچنے کے لیے ڈرائیونگ اسکول میں بہترین تربیت و شہریوں کو ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جارہی ہے،لائسنس ایشو کرنے میں شفافیت اور میرٹ کو ہر صورت مدنظر رکھا جا رہا ہے،ٹریفک اسٹاف کو ہدایت کی گئی ہے کہ مزید عوام کو ٹریفک قوانین کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنے کیلئے خصوصی مہم چلائیں اور تربیتی سیمینار بھی منعقد کئے جائیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈی ایس پی کوثر عباس شہید پولیس ڈرائیونگ سکول احمد پور شرقیہ کے مارننگ وایوننگ کے موٹر سائیکل/موٹر کار اور جیپ کے بیچ نمبر 09 کی ٹریننگ مکمل

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(799)

17-12-2022

**بہاول پور()ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی ہدایت پرڈسٹرکٹ پولیس آفیسرعبادت نثار کی زیرنگرانی منشیات فروشوں کے خلاف کمپئین میں بہاولپور پولیس کی گزشتہ 02 روز میں منشیات فروشوں اوراسلحہ ناجائزرکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں،25ملزمان گرفتار، قبضہ سے 03 کلو سے زائد چرس و 545 لیٹر دیسی شراب ولہن معہ چالو بھٹی اور 08عدد پسٹل 30 بور، 03عدد پسٹل اور 01 رپیٹر 12 بور برآمد ،مقدمات درج،دستیاب وسائل کو بروئے کارلاتے ہوئے ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں،تاکہ معاشرے کوایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ڈی پی اوعبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق یڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کی کمپئین پرڈسٹرکٹ پولیس آفیسرعبادت نثار کی سربراہی میں اورتمام ایس ڈی پی اوز کی زیرنگرانی تمام ایس ایچ اوز نےضلع بہاولپور میں منشیات اورشراب فروشوں کے خلاف گرینڈ کریک ڈاان جاری۔ بہاول پور پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ تھانہ صدر بہاولپور، عباسنگر، نوشہرہ جدید، ڈیراور اور خیر پورٹا میوالی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 06 ملزمان کوگرفتار کر کے قبضہ سے 03 کلو140 گرام چرس اور 105 گرام آئس برآمد کرلی۔تھانہ کینٹ ، بغدادالجدید،صدر بہاولپور،صدراحمد پورشرقیہ،عنائتی اورعباسنگر نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 07 ملزمان کوگرفتارکر کےان کے قبضہ سے 345 لیٹر دیسی شراب 200 لیٹرلہن وچالو بھٹی برآمد کر لی۔تھانہ بغداد الجدید، ہیڈراجکاں ،صدر بہاولپور،سٹی حاصلپور، اوچ شریف ،نوشہرہ جدیداورصدر حاصلپور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 12 ملزمان کوگرفتارکر کے قبضہ سے 08 عدد پسٹل 30 بور،03 عدد ریوالور 32 بوراور 01 عدد رپیٹر 12 بور برآمد کرلیا۔ متعلقہ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے،ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید بڑی کارروائیاں کریں تا کہ بہاول پورمنشیات جیسی لعنت سے پاک کیا جاسکے۔کسی مشکوک سرگرمی کی صورت میں پولیس ہیلپ لائن 15 پرکال کرکے اطلاع دیں اورذمہ دارشہری ہونے کا ثبوت دیں۔

**ترجمان بہاولپورپولیس**



بہاولپور پولیس کی گزشتہ 02روز میں منشیات فروشوں اوراسلحہ ناجائزرکھنےوالوں کے خلاف مختلف کارروائیاں،25ملزمان گرفتار،بھاری مقدارمیں منشیات اوراسلحہ ناجائز برآمد،مقدمات درج